......فولادی انسان

تحریر......اسد عظیم الشان

امجد صاحب سے میری پہلی ملاقات ایک دوست شکیل ملک کے توسط سے ہوئی یہ ایک عام سی ملاقات تھی جس میں امجد صاحب کی زندگی کے بارے میں بننے والی ایک مختصر دستاویزی فلم پر گفتگو رہی۔ پہلی ملاقات میں امجد صاحب ایک ایسے عام انسان کی طرح دکھائی دئیے جو ایک حادثے کے نتیجے میں معذور ہو گیا ہو لیکن جیسے جیسے ان سے ملاقاتوں کا سلسلہ بڑھتا گیا ویسے ویسے معلوم ہوا کہ امجد صدیقی کوئی معمولی انسان نہیں بلکہ فولادی اعصاب رکھنے والا ایک مضبوط آدمی ہے۔ ایک کار کے حادثے میں معذور ہونے والے امجد صدیقی نے اپنی معذوری کو کمزوری نہیں بلکہ اپنی طاقت بنایا اور اپنی قوتِ ارادی اور عملِ پیہم سے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ ناصرف نوکری جاری رکھی بلکہ کچھ عرصہ بعد اپنا کاروبار شروع کیا اور چند سالوں میں ہی سعودی عرب میں ایک جانے مانے پاکستانی بزنس مین کے طور پر اپنی جگہ بنا لی۔اپنی انتھک محنت اور دیانتداری سے نہ صرف اپنا بلکہ پاکستان کا نام بھی روشن کیا۔معذوری کے باوجود وہیل چیئر پر 52ممالک کا سفر کیا اور پوری دنیا میں قومی پرچم بلند کیا اور امریکہ جیسے ملک سے "ون ان ملین" کا خطاب حاصل کی۔امجد صدیقی یقینا ان تمام لوگوں کے لیے ایک مثال ہیں جو کسی بھی طرح کی معذوری کی وجہ سے مایوسی کا شکار ہیں۔ حادثے سے شروع ہونے والے اس درد کے سفر نے امجد صدیقی کو دردمند اور دردِ دل رکھنے والا بنا دیا آج ان کی زندگی دوسروں کے لئے بھی مشعلِ راہ ہے۔

آج امجد صدیقی کا نام نہ صرف کاروباری حلقوں میں بہت عزت سے لیا جاتا ہے بلکہ امجد صدیقی معاشرتی فلاح و بہبود کے کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کے حصہ لیتے ہیں اور انسانیت کی خدمت کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے،وہ درحقیقت پاکستان کا ایک مثبت اور روشن چہرہ ہیں جو پوری دنیا میں پاکستان کی پہچان بن چکے ہیں۔ ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے نہ جانے کتنے لوگ اپنی منزل پا چکے ہیں اور نہ جانے کتنے اپنی منزل کی طرف گامزن ہونے کا عزم کرچکے ہیں۔

امجد صدیقی جیسے لوگ واقعی" ون ان ملین" ہیں وہ حقیقی معنوں میں پاکستان کی پہچان اور پاکستان کا فخر ہیں۔ "درد کا سفر" لکھ کر امجد بھائی نے درحقیقت تمام معذور افراد پر احسان کیا ہے یہ کتاب پڑھ کر یقینا ایسے لوگوں کو بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا جو کسی بھی طرح کی معذوری کی وجہ سے ہمت ہار جائے ہیں اور جینا چھوڑ دیتے ہیں۔اس سے بھی بڑھ کر عام لوگوں کوبھی اس ہمت ملے گی ۔امجد صدیقی کی یہ کتاب ان لوگوں کے لیے ایک نئی زندگی کی نوید ثابت ہو گی۔امجد صدیقی میرے لئے ہمیشہ ایک قابلِ فخر دوست رہے ہیں اور رہیں گے۔میری دعائیں اور نیک تمنائیں ہمیشہ ان کے ساتھ ہیں۔

اسد عظیم الشان

پروگرام پروڈیوسر پاکستان ٹیلی ویژن